PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ: کوئٹہ، ملتان اور لاہور کی کامیابی

- گل فیروزہ کی 142 رنز کی شاندار اننگز، رامین شمیم کی عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی

فیصل آباد 19 اپریل، 2024ء:

نیشنل ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ میں جمعہ کے روز کھیلے گئے میچوں میں کوئٹہ، ملتان اور لاہور نے کامیابی حاصل کرلی۔ ان میچوں کی خاص بات ملتان کی گل فیروزہ کی راولپنڈی کے خلاف 142 رنز کی شاندار اننگز تھی۔

اقبال اسٹیڈیم میں کوئٹہ نے پشاور کو 16 رنز سے ہرادیا۔ کوئٹہ کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 175 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ عریجہ حسیب 46 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہیں۔ رامین شمیم نے 27 رنز بنائے۔
مومینہ ریاست، علینہ شاہ اور ماہنور آفتاب نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔
پشاور کی ٹیم جواب میں 159 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ طیبہ عماد نے 44 رنز اسکور کیے۔
رامین شمیم نے اپنی آف اسپن بولنگ سے 19 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

جواد کلب گراؤنڈ میں لاہور نے کراچی کو ہرادیا۔ اس میچ کا فیصلہ سپر اوور میں ہوا۔
لاہور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 43 اوورز میں چار وکٹوں پر 138 رنز بنائے۔ ارم جاوید نے 49 رنز بنائے۔ انوشے ناصر نے 7 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ بارش کے سبب کراچی کو 167 رنز کا ہدف دیا گیا کراچی کی ٹیم 43 اوورز میں 166 رنز بنا پائی۔ نورین یعقوب نے 30 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ یوں یہ میچ ٹائی ہوگیا۔ سپر اوور میں لاہور نے کامیابی حاصل کرلی۔

بوہڑانوالی گراؤنڈمیں کھیلے گئے میچ میں ملتان نے راولپنڈی کو141رنز سے ہرادیا۔

ملتان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ50اوورز میں7وکٹوں کے نقصان پر240رنزبنائے۔گل فیروزہ نے19چوکوں کی مدد سے 142رنزبنائے۔حمنہ بلال نے25رنزدے کر3وکٹیں حاصل کیں۔

راولپنڈی کی ٹیم25.5اوورز میں99رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔عائمہ سلیم نے20رنزبنائے۔نورالایمان نے23رنزدے کر3وکٹیں حاصل کیں۔

گل فیروزہ پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

مختصراسکور:

کوئٹہ175رنز(49اوورز)۔عریجہ حسیب46،رامین شمیم27؛مومینہ ریاست12/2وکٹ۔علینہ شاہ27/2وکٹ۔ماہنور آفتاب37/2وکٹ۔

پشاور159رنز۔(47اوورز)۔طیبہ عماد44۔رامین شمیم19/4وکٹ۔

نتیجہ۔کوئٹہ نے16رنزسے میچ جیتا۔

لاہور138رنز4کھلاڑی آؤٹ(43اوورز)۔ارم جاوید49؛انوشے ناصر7/3وکٹ۔

کراچی166رنز(43اوورز)ایشاراہوپوٹو35۔نورین یعقوب30/3وکٹ۔

میچ ٹائی ہوگیا۔

نتیجہ۔لاہورنے سپراوور میں جیتا۔

ملتان240رنز7کھلاڑی آؤٹ(50اوورز)۔گل فیروزہ142۔حمنہ بلال25/3وکٹ۔

راولپنڈی99رنز(25.5اوورز)عائمہ سلیم20۔نورالایمان23/3وکٹ۔

نتیجہ۔ملتان نے141رنز سے میچ جیتا۔–

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial